بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر ...213 رجسٹریشن　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ 27 نومبر 2023

نوٹیفیکیشن

(ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:- **آن لائن داخلہ/رجسٹریشن شیڈول برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2023ء-2025ء**

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ سیکنڈری سکول امتحان (دوسرا سالانہ) 2023 میں کامیاب طلباء/طالبات کے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2023ء-2025ء کا آن لائن داخلہ/رجسٹریشن کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ -/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/130 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
(i)	رجسٹریشن/داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس	**27-نومبر 2023 تا 11-دسمبر 2023**
(ii)	**-/600** روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بھی بورڈ کو لازمی واجب الادا ہوگی)	**12-دسمبر 2023 تا 21-دسمبر 2023**
(iii)	ادارہ جات میں سیریل نمبر (i) اور (ii) کے تحت داخل کیے گئے طلباء و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس اور یومیہ جرمانہ -/600 روپے فی گروپ (Per Batch) کے ساتھ جمع کروانے کا طریقہ کار۔	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان طالب علم/طالبہ کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے PER BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

ضروری نوٹ:- " ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔"

ہدایات

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن ریٹرن/داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن ریٹرن **لیگل سائز (8.5x14)** صفحہ پر اور **لینڈسکیپ (LANDSCAPE)** میں پرنٹ کریں۔ بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے۔ **مینوئل (MANUAL)** رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ **گیارہویں جماعت (Class-XI)** کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت **طالب علم/طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند/رزلٹ کارڈ/O-Level ایکویلنس سرٹیفکیٹ (Equivalence Cirtificate) کے مطابق اندراج کریں۔** دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی **طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر (Admission & withdral Register)** ضرورت پڑنے پر **ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے۔** سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے **"کتابچہ" (BOOKLET)** میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔ تمام ادارے **"کتابچہ" (BOOKLET)** کی قیمت **مبلغ -/200 روپے** جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(ڈاکٹر بشریٰ بی بی)